**07.02.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن

Music

.................................................................................

☆ کابینہ نے آٹھ ہزار 800 کروڑ روپئے کے اسکل انڈیا پروگرام کو منظوری دے دی ہے۔ اُس نے صفائی کرمچاری کیلئے قومی کمیشن کی توسیع کی بھی منظوری دی ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی پیر سے فرانس اور امریکہ کے دورے پر رہیں گے۔ وہ پیرس میں فرانس کے صدر امیونویل میخوں کے ساتھ AI ایکشن سمٹ کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔

☆ دلّی اسمبلی انتخابات کی، کل ہونے والی ووٹوں کی گنتی کیلئے سخت سکیورٹی بندوبست کے درمیان، سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔

☆ بھارتی ریزرو بینک نے ریپو ریٹ میں 25 بیسس پوائنٹ کی کمی کرکے اِسے چھ اعشاریہ دو پانچ فیصد کردیا ہے۔ اس نے 2025-26 میں GDP کے چھ اعشاریہ سات فیصد رہنے کا تخمینہ لگایا ہے۔

☆ چین میں نویں ایشیائی موسم سرما کے کھیلوں کا آغاز ہوگیاہے۔ اِن مقابلوں میں 59 بھارتی کھلاڑی شرکت کررہے ہیں۔

☆ اور فیفا نے پاکستان فٹبال فیڈریشن کو معطل کردیا ہے۔

.................................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### Cabinet Briefing

حکومت نے 2022-23 سے 2025-26 تک کی مدت تک اسکل انڈیا پروگرام کیلئے آٹھ ہزار 800 کروڑ روپئے کی منظوری دی ہے۔ آج میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ مانگ کے حساب سے ہنرمندی کے فروغ پر حکومت اوّلین ترجیح دے رہی ہے۔ اور اس بات پر زور دیا جارہا ہے کہ تبدیلی اور معیار میں اضافہ کیا جائے۔

S/B Ashwini Vaishnaw

جناب ویشنو نے کہا کہ حکومت نے 31 مارچ 2028 تک تین برس کیلئے صفائی کرمچاریوں کیلئے قومی کمیشن کی مدت میں بھی توسیع کی منظوری دی ہے۔

S/B Ashwini Vaishnaw

## LS Budget Discussion

آج لوک سبھا میں عام بجٹ 26-2025 پر بحث کا آغاز ہوا۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے BJP کے راؤ راجیند رسنگھ نے مرکزی بجٹ کی یہ کہتے ہوئے ستائش کی کہ اِس میں غریبوں، کسانوں اور خواتین کے مفادات کا خیال رکھا گیا ہے۔

انھوں نے کہا کہ حکومت نے کسانوں کی بہبود پر توجہ مرکوز کی ہے اور اِس سمت میں مختلف اقدامات کئے گئے ہیں۔ انھوں نے ملک میں سیاحت اور شہری ہوا بازی کی بڑھتی ہوئی صنعتوں کا بھی ذکر کیا۔ سماجوادی پارٹی کے شیوپال سنگھ نے مرکزی بجٹ پر نکتہ چینی کی اور کہا کہ ملک میں کسانوں کو اُن کی پیداوار کی مناسب قیمت نہیں مل رہی ہے۔ اس سے قبل، بحث میں شامل ہوتے ہوئے کانگریس کے دَھرم ویر گاندھی نے الزام لگایا کہ مرکزی بجٹ، ملک میں زرعی چیلنجز کا ازالہ کرنے میں ناکام رہا ہے۔ بحث ابھی جاری ہے۔x

## RS-EXPORTS

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے آج کہا ہے کہ ملک کی برآمدات رواں مالی سال کے آخر تک 800 ارب امریکی ڈالرز سے تجاوز کرنے کی توقع ہے۔ راجیہ سبھا میں وقفۂ سوالات کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ایسا امکان ہے کہ یہ اب تک کی سب سے زیادہ برآمدات ہوں گی کیونکہ ملک کی برآمدات میں تاریخی اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ اور یہ 25-2024 میں تقریباً 800 ارب امریکی ڈالر سے تجاوز کریں گی۔ انھوں نے اس ترقی کو عالمی تجارت میں ملک کے بڑھتے ہوئے رول سے منسوب کیا جو کہ سامان اور خدمات کی برآمدات میں مضبوط کارکردگی کی وجہ سے ممکن ہوا ہے۔xx

## LS Mortality Rate

حکومت نے آج کہا ہے کہ ملک میں زچگی کے دوران، شرح اموات میں گذشتہ 30 برس کے دوران عالمی سطح پر 42 فیصدی کی کمی کے مقابلے، 83 فیصد کی قابل قدر کمی آئی ہے۔ ایک تحریری جواب میں جناب نڈّا نے مطلع کیا کہ ملک بھر میں ماں اور بچے کی صحت کی دیکھ بھال سے متعلق بہتر سہولیات کی خاطر ملک بھر کے اسپتالوں میں ایک ہزار 87 نوزائیدہ بچوں کیلئے خصوصی نگہداشت کے یونٹ اور دو ہزار 868 نوزائیدہ بچوں کیلئے اسٹیبلائزیشن یونٹ قائم کئے گئے ہیں۔x

## LS News TB Patients

حکومت نے آج کہا ہے کہ شدت اختیار کئے گئے TB مکت بھارت ابھیان کے 100 دن کے دوران، ایک لاکھ 59 ہزار سے زیادہ TB مریضوں کو نوٹیفائی کیا گیا ہے۔ یہ ابھیان ملک بھر میں پچھلے سال 7 دسمبر کو منعقد کیا گیا تھا۔ صحت اور خاندانی بہبود کی وزیر مملکت انوپریا پٹیل نے لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں یہ بات بتائی۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ اِس ابھیان کے تحت اس مہینے کی پہلی تاریخ تک ملک بھر میں چار لاکھ 94 ہزار

Ni-Kshay خدمات فراہم کی جاچکی ہیں اور پانچ کروڑ 63 لاکھ ایسے افراد کی جانچ کی جاچکی ہے جنھیں اس بیماری سے متاثر ہونے کا خطرہ ہے۔x

## India Solar Power

بھارت نے سو Giga Watt نصب شدہ شمسی توانائی کی صلاحیت سے تجاوز کرنے کا ایک تاریخی سنگ میل حاصل کرلیا ہے، جس سے قابل تجدید توانائی میں ایک عالمی رہنما کے طور پر اُس کی پوزیشن کو مزید تقویت حاصل ہوئی ہے۔ نئی اور قابل تجدید توانائی کے محکمے کے وزیر پرہلاد جوشی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِس حصولیابی سے صاف ستھری اور ماحول کیلئے سازگار مستقبل کے ملک کے عہد کی عکاسی ہوتی ہے۔ یہ وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے 2030 تک غیرروایتی ایندھن پر مبنی توانائی کی پانچ سو Giga Watt صلاحیت حاصل کرنے کے اہم ہدف کی جانب ایک اہم قدم ہے۔x

## PM Visit

وزیر اعظم نریندر مودی فرانس کے تین روزہ دورے پر روانہ ہوں گے جو پیر سے شروع ہوگا۔ جناب مودی AI ایکشن سمٹ میں شرکت کریں گے اور فرانس کے صدر امیونوویل میخوں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ جناب مودی پیرس میں فرانس کے صدر کے ہمراہ اجلاس کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔

آج سہ پہر نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا کہ وزیر اعظم منگل کے روز صدر میخوں کے ساتھ AI ایکشن سمٹ کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ جناب مسری نے کہا کہ دونوں رہنما دوطرفہ بات چیت کریں گے اور بھارت-فرانس CEOs فورم سے بھی خطاب کریں گے۔

S/B Foreign Secretary

منگل کے روز وہ Marseille جائیں گے اور صدر میخوں، وزیر اعظم نریندر مودی کے اعزاز میں ایک عشائیے کی بھی میزبانی کریں گے۔ بدھ کے روز دونوں رہنما War Cemetery جائیں گے اور پہلی عالمی جنگ کے بھارتی جوانوں کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔ دونوں رہنما Marseille میں بھارت کے نئے قونصل خانے کا بھی مشترکہ طور پر افتتاح کریں گے۔ دو ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں وزیراعظم مودی اِس مہینے کی 12 اور 13 تاریخ کو امریکہ کا دورہ کریں گے۔ خارجہ سکریٹری نے بتایا کہ امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے عہدے کی دوسری مدت کار کے بعد سے وزیراعظم کا امریکہ کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ وزیر اعظم مودی امریکی صدر کے ساتھ باہمی بات چیت کریں گے۔

S/B Foreign Secretary

## Counting Delhi Election

دلّی اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کل کی جائے گی۔ گنتی کے عمل کو منصفانہ اور خوش اسلوبی سے کرانے

کیلئے تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں۔ دلّی کی اعلیٰ انتخابی افسر R Alice Vaz نے بتایا کہ 70 اسمبلی حلقوں کے Form 17 C سمیت انتخابی دستاویزات کی جانچ پڑتال کرلی گئی ہے۔ جانچ کے اِس عمل کے دوران انتخابی کمیشن کے ذریعے مقرر کئے گئے آزاد مرکزی مشاہدین، امیدوار، اُن کے ایجنٹس اور ریٹرننگ افسران موجود تھے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ووٹوں کی گنتی کیلئے دلّی کے 11 اضلاع میں گنتی کے 19 مراکز قائم کئے گئے ہیں۔

VC Suparna

سب کی نگاہیں کل صبح شروع ہونے والی دلّی اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی پر ہیں۔ الیکٹرانک ووٹنگ مشینیں، انتخابی کمیشن اور پولیس عہدیداران کی مسلسل نگرانی میں اسٹرونگ رومز میں محفوظ ہیں۔ گنتی کے عمل سے متعلق سپروائزر، معاونین، مشاہدین، اعداد وشمار سے متعلق عملے اور دیگر امدادی اہلکاروں پر مشتمل تقریباً پانچ ہزار افراد کو گنتی کے عمل کیلئے تعینات کیا گیا ہے۔ دلّی اسمبلی انتخابات میں BJP، عام آدمی پارٹی اور کانگریس کے درمیان سہ رخی مقابلہ رہا اور چناؤ میں کُل 699 امیدواروں نے انتخاب لڑا۔ قومی راجدھانی میں حکومت تشکیل دینے کیلئے کسی بھی پارٹی کو 36 سیٹوں کی ضرورت ہے۔

دلّی Suparna Saikia کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

## ACB Kejriwal Allegation

بدعنوانی مخالف بیورو ACB کی ٹیم آج قومی راجدھانی میں عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اروند کجریوال کی رہائش گاہ پر گئی تاکہ اُن کے اِس الزام کی چھان بین کرسکے کہ BJP دلّی اسمبلی انتخابات میں اُن کی پارٹی کے امیدواروں کو 15 کروڑ روپے دینے کی پیشکش کر رہی ہے، تاہم ACB کی ٹیم کو رہائش گاہ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی گئی۔

اِس دوران AAP کے رہنما سنجے سنگھ نے اِس سلسلے میں ACB میں ایک شکایت درج کرائی ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے دعویٰ کیا کہ انہوں نے ACB کو ثبوت فراہم کر دیئے ہیں۔

2100- Sanjay Singh from Twitter

دوسری جانب دلّی BJP کے صدر وریندر سچدیوا نے AAP کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا۔

جناب سچدیوا نے میڈیا سے کہا کہ اِس طرح کا الزام لگانے سے پہلے، AAP کے رہنماؤں کو ثبوت پیش کرنا چاہیے۔

2100- Virndra Sachdeva Final

## Rev. RBI Monetary Policy

تقریباً پانچ سال کے بعد بھارتیہ ریزرو بینک RBI نے، پالیسی ریپو ریٹ میں پچیس basis پوائنٹس کی کمی کرکے اِسے 6 اعشاریہ 5 فیصد سے 6 اعشاریہ دو- پانچ فیصد کر دیا ہے۔

گورنر سنجے ملہوترا نے MPC کی تین روزہ میٹنگ کے بعد آج ممبئی میں یہ اعلان کیا۔ پچھلی بار مئی 2020 میں شرح میں کمی کی گئی تھی۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ پہلے پیشگی تخمینے کے مطابق رواں سال کیلئے GDP کی حقیقی نشو و نما کا اندازہ 6 اعشاریہ 4 فیصد لگایا گیا ہے کیونکہ آنے والے سال میں اقتصادی سرگرمیاں میں بہتری آنے کی توقع ہے۔ x

## Detailed Stocks

بامبے اسٹاک ایکسچینج کے 30 شیئروں والے اشاریے، سینسیکس میں 198 پوائنٹ یعنی صفر اعشاریہ دو-پانچ فیصد کی گراوٹ آئی اور یہ 77 ہزار 860 پر بند ہوا۔ اِسی طرح نیشنل اسٹاک ایکسچینج کے نفٹی 50 میں 43 پوائنٹ یعنی صفر اعشاریہ ایک- آٹھ فیصد کی کمی آئی اور یہ 23 ہزار 560 پر چلا گیا۔ x

## RG KAR Medical Case

کلکتہ ہائی کورٹ نے آج RG KAR میڈیکل کالج آبرو ریزی اور قتل معاملے میں سنجے رائے کی عمر قید کی سزا کے خلاف ریاستی سرکار کی عرضی مسترد کردی۔ جسٹس Debanshu Basak اور جسٹس Shabbar محمد رشیدی پر مشتمل ڈویژن بینچ نے اِس معاملے میں CBI سے متعلق ایک علیحدہ اپیل قبول کرتے ہوئے یہ حکم جاری کیا ہے۔ سیشنز کورٹ نے سنجے رائے کو مجرم گردانا ہے اور 20 جنوری کو اِس معاملے میں اسے عمر قید کی سزا سنائی ہے۔ اِس کے بعد ریاستی سرکار نے سیشنز عدالت کے فیصلے کو چیلنج کرتے ہوئے ہائی کورٹ میں اپیل دائر کی تھی اور ساتھ ہی اُس نے سنجے رائے کو سزائے موت دیئے جانے کی مانگ کی تھی۔

دوسری جانب CBI نے بھی ہائی کورٹ میں ایک اپیل داخل کی، جس میں کہا گیا ہے کہ سنجے رائے کیلئے سزائے موت کی مانگ کرنے کا ریاستی سرکار کا کوئی اختیار نہیں ہے کیونکہ وہ اِس معاملے کی چھان بین کر رہی ہے۔

اِس سے پہلے کلکتہ ہائی کورٹ نے مغربی بنگال سرکار کی اپیل پر اپنا فیصلہ محفوظ رکھا تھا۔ x

## Israel Gaza US

اسرائیل نے کہا ہے کہ غزہ پٹی سے متعلق امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے منصوبے کے مطابق اُس نے غزہ پٹی سے بڑی تعداد میں فلسطینیوں کی روانگی کی تیاریاں شروع کر دی ہیں۔

اس دوران عہدیداروں نے بتایا ہے کہ مصر نے اِس منصوبے کو روکنے کیلئے پس پردہ کوششیں شروع کر دی ہیں۔ فلسطینیوں نے جناب ٹرمپ کی تجویز کو مسترد کر دیا ہے۔ انہیں ڈر ہے کہ اسرائیل، پناہ گزینوں کو کبھی واپس نہیں آنے دے گا اور وہ خطے کو غیر مستحکم کر دے گا۔ جناب ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ غزہ کے زیادہ تر لوگوں کو مستقل طور پر دوسرے ملکوں میں بسانا چاہتے ہیں اور امریکہ وہاں سے ملبے کو ہٹا کر غزہ کو سب کیلئے مغربی ایشیا کا ساحلی تفریحی مقام بنانا چاہتا ہے۔ x

## Asian Winter Games

نویں ایشیائی سرمائی کھیل کود مقابلے 2025 آج شام چین کے شہر Harbin میں شروع ہورہا ہے۔ یہ سرمائی کھیل اِس مہینے کی 14 تاریخ تک جاری رہیں گے۔ کھیلوں کی انتظامیہ کمیٹی کے نائب سیکریٹری جنرل اور اعلیٰ ترجمان نے کل بتایا کہ اس سال کے کھیل کود مقابلوں میں ایشیائی ملکوں اور خطّوں کی تاریخی اعتبار سے سب سے زیادہ نمائندگی دیکھنے کو ملے گی اور افتتاحی تقریب کے دوران پورے ایشیاء کے 34 ملکوں اور خطّوں کے نمائندے اس میں شرکت کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ افتتاحی تقریب کے لیے سبھی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ انہوں نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ افتتاحی تقریب تقریباً 80 منٹ تک جاری رہے گی۔ بھارت میں موسم سرما کے کھیلوں کو فروغ دینے کے ایک اہم قدم کے طور پر حکومت نے موسمِ سرما کے ایشیائی کھیلوں میں بھارتی دستے کی شرکت کی اجازت دی ہے۔ان مقابلوں میں 59 بھارتی کھلاڑی شرکت کر رہے ہیں۔

## Fifa Suspends Pakistan

بین الاقوامی فٹبال فیڈریشن، فیفا نے پاکستان فٹبال فیڈریشن PFF کو معطل کر دیا ہے کیونکہ وہ اپنے دستور میں ترمیم کرنے میں ناکام رہی، جو ملک میں منصفانہ اور بلا روک ٹوک کھیل منعقد کرانے کیلئے درکار تھی۔ فِیفا نے کہا ہے کہ پاکستان اُس وقت تک معطل رہے گا، جب تک کہ PFF کانگریس ضروری ترمیم نہیں کر دیتی۔ 2017 کے بعد سے پاکستان فٹبال فیڈریشن کو تیسری بار معطل کیا گیا ہے۔ جون 2019 کے بعد سے پاکستان کے فٹبال کا انتظام، فیفا کی مقرر کردہ Normalisation کمیٹی کرتی ہے، البتہ کمیٹی فٹبال کے نظام سے متعلق منصوبوں کو مؤثر طور پر نافذ کرنے میں ناکام رہی ہے۔ گزشتہ پانچ برس میں Normalisation کمیٹی کی قیادت اور رکنیت میں کئی تبدیلیوں کے باوجود پاکستان کے فٹبال کے نظام میں اہم معاملات اب تک حل نہیں کیے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆